فوری ریلیز کے لیے: 12/8/2022

گورنر KATHY HOCHUL

انفلیشن رڈکشن ایکٹ آف 2022 کے کانگریس سے پاس ہونے پر گورنر KATHY HOCHUL کا بیان

"ہاؤس آف ریپریزینٹیٹوز میں آج کا ووٹ ہماری قوم کے افراط زر سے لڑنے، خاندانوں کے اخراجات میں کمی لانے اور ماحولیاتی بحران سے نمٹنے کی کاوشوں میں آگے کی جانب ایک یادگار قدم ہے۔ اسپیکر Pelosi کی قیادت اور نیو یارک کانگریشنل ڈیلیگیشن سے تعلق رکھنے والے ڈیموکریٹس کی سخت محنت کی بدولت، انفلیشن رڈکشن ایکٹ آف 2022 جلد صدر Biden کی میز پر بھیجا جائے گا۔

یہ وفاقی قانون سازی نیو یارک پر ایک بڑا اثر ڈالنے کی قوت رکھتی ہے۔ تجویز شدہ ادویات کے لیے Medicare پر انحصار کرنے والے بزرگ شہریوں کو آخر کار اپنے اخراجات میں کمی ہوتی دکھائی دے گی۔ حسب استطاعت نگہداشت کے ایکٹ کے نگہداشت صحت کے پلانز پر انحصار کرنے والے افراد کو اپنی سبسڈیز میں توسیع حاصل ہو گی، جس سے پریمیمز مزید حسب استطاعت رہیں گے۔ اور ماحول دوست ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی پائیداری میں ایک تاریخی سرمایہ کاری ملازمتیں پیدا کرنے، گھریلو سہولیات کی قیمتوں میں کمی اور ماحول دوست توانائی کے انقلاب کو ایک جھٹکے سے رواں کر نے کے ذریعے ہماری پوری معیشت پر ایک مثبت اثر ڈالے گی۔

انفلیشن رڈکشن ایکٹ، پورے ملک میں ماحول دوست توانائی میں ہماری سب سے پہلی سرمایہ کاریوں سے لے کر گھروں کے متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے مالکان کو ہم نے ٹیکس میں جو رعایات فراہم کیں ان تک، ہماری ان مسلسل کوششوں کا بہترین ساتھی ہے جو ہم نیو یارک میں بڑھتے ہوئے روزمرہ اخراجات کے حوالے سے خاندانوں کی مدد کے لیے کر رہے ہیں۔ مجھے صدر بائیڈن کے اس بل پر دستخط کر کے اس کو قانون بنانے — اور ان تاریخی تبدیلیوں کو یہیں نیو یارک میں نافذ العمل کرنے کا انتظار ہے۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418